وقا ریونس کی زیرنگرانی باؤلرز کےکیمپ کا انعقاد لاہور میں ہوگا

لاہور، 18 اکتوبر 2019ء :

آسٹریلیا کے خلاف سیریز کی تیاریوں کے پیش نظر قومی کرکٹ ٹیم کے باؤلنگ کوچ وقار یونس قذافی اسٹیڈیم میں دو روزہ کیمپ کا انعقاد کریں گے۔ دو روزہ کیمپ 19 اکتوبر سے شروع ہوگا۔

قومی کرکٹ ٹیم کی سلیکشن کمیٹی نے قائداعظم ٹرافی اور نیشنل ٹی ٹونٹی کپ میں اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے 13 کھلاڑیوں کوکیمپ میں طلب کیا ہے جبکہ فاسٹ باؤلرز شاہین شاہ آفریدی اور محمد عباس بھی 2 روزہ کیمپ میں شرکت کریں گے۔

کیمپ کا مقصد آسٹریلیا کے خلاف قومی ٹی ٹونٹی اور ٹیسٹ کرکٹ ٹیم کے انتخاب سے قبل باؤلرز کی کارکردگی کا بغور جائزہ لینے کے ساتھ ساتھ باؤلرز کی صلاحیتوں میں نکھار لانا ہے۔

ڈومیسٹک کرکٹ سے دور فاسٹ باؤلر زشاہین آفریدی اور محمد عباس بھی کیمپ میں ایکشن میں نظر آئیں گے۔ قائداعظم ٹرافی کے تیسرے راؤنڈ کے بعد فاسٹ باؤلر محمد عباس نے ڈومیسٹک کرکٹ سے وقفہ لیا تھاجبکہ اگست میں ڈینگی وائرس کا شکار ہونے والے شاہین آفریدی بھی کیمپ میں شرکت کریں گے۔

وقار یونس ، باؤلنگ کوچ قومی کرکٹ ٹیم:

قومی کرکٹ ٹیم کے باؤلنگ کوچ وقار یونس کا کہنا ہےکہ نیشنل ٹی ٹونٹی کپ میں 2 روزہ وقفے کے باعث ٹیم منیجمنٹ نے اس عرصے میں 15 باؤلرز پر مشتمل کیمپ لگانے کا فیصلہ کیا ہے البتہ اس کا ہر گز یہ مطلب نہیں کہ ٹیم کے انتخاب کے لیے محض انہی کھلاڑیوں پر غور کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ سلیکٹرز کی جانب سے آسٹریلیا کے خلاف سیریز کے لیے کھلاڑیوں کا انتخاب وہاں کی کنڈیشنز اور کھیل کے فارمیٹ کو مدنظر رکھ کر کیا جائے گا۔

اس موقع پر چیف سلیکٹر مصباح الحق اور قومی ٹیسٹ کرکٹ ٹیم کے کپتان اظہر علی بھی کھلاڑیوں کی کارکردگی کا جائزہ لیں گے۔

قومی کرکٹ ٹیم کے چیف سلیکٹر مصباح الحق آسٹریلیا کے خلاف قومی ٹیسٹ اور ٹی ٹونٹی ٹیموں کا اعلان 21 اکتوبر بروز پیر کو دوپہر 2:15 بجے فار اینڈ بلڈنگ میں پریس کانفرنس کے دوران کریں گے۔

کیمپ میں طلب کردہ باؤلرز:

بلال آصف (سنٹرل پنجاب)، بلاول بھٹی (سدرن پنجاب)، عمران خان سینئر(خیبرپختونخوا)، کاشف بھٹی(سندھ)، محمد عباس (سدرن پنجاب)، محمد عرفان (سدرن پنجاب) (اسپنر)، موسیٰ خان(ناردرن)، محمد محسن (خیبرپختونخوا)، نسیم شاہ (سنٹرل پنجاب)، راحت علی (سدرن پنجاب)، ثمین گل (خیبرپختونخوا)، شاہین شاہ آفریدی(ناردرن)، تابش خان (سندھ)، یاسر شاہ (بلوچستان) اور زاہد محمود (سدرن پنجاب)۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan. Its goal is to work in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout the country.

The PCB's purpose is to maintain and enhance the reputation and integrity of the game, fostering excellence and upholding the spirit of the game. The PCB selects junior and senior national men's and women's cricket teams to represent the country on the global stage, runs high performance cricket centres across the country and plans and organises domestic competitions and international bi-lateral series.

The PCB is committed to developing ground and facility infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

Commercial Partners

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealpcb

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4